
ہفت وار رسالہ:323
WEEKLY BOOKLET:323

شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنت، بانیٔ دعوتِ اسلامی، حضرت علامہ مولانا
محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے مختلف فرامین کا مجموعہ

امیرِ اہلِ سنّت کے 121 ارشادات

صفحات 14

(قسط:5)



پیش کش
المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

امیرِ اہلِ سنّت کے 121 ارشادات (قسط:5)

دُعائے خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت: یاربَّ المصطفےٰ! جو کوئی 14 صفحات کا رسالہ ”امیرِ اہلِ سنّت کے 121 ارشادات“ پڑھ یا سُن لے اُسے اپنی اصلاح کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے بچانے والا بنا۔ اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ علیہ واٰلہٖ وَسَلَّم

دُرود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے مجھ پر جُمعہ کے دن دوسو بار دُرُودِ پاک پڑھا اُس کے دوسو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔“ (جمع الجوامع للسیوطی، 7/199، حدیث:22353)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ❀❀❀ صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحَمَّد

لوگوں کی ہدایت کے ذرائع میں سے ایک ذریعہ اللہ پاک کے نیک بندوں کے پاس بیٹھنا اور ان کے فرامین پر عمل کرنا بھی ہے، کیونکہ اولیائے کِرام کی گفتگو میں عموماً قرآن و حدیث کا نچوڑ (خلاصہ) ہوتا ہے، نیز یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ عام لوگوں کی باتیں اس طرح دل پر اثر نہیں کرتیں جس طرح کسی ولیِ کامل کی ایک نظر یا کوئی ایک بات اثر کر جاتی ہے، اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ یہ اللہ والے ہر وقت اللہ کو راضی کرنے، اس کی عبادت کرنے اور اس کا قرب حاصل کرنے میں مصروف رہتے ہیں، جس کی بنا پر اللہ پاک انہیں خصوصی انعامات و اکرامات سے نوازتا ہے، جس کی وجہ سے لوگ ان سے محبت کرتے ہیں اور ان کی باتوں کو خاص اہمیت دیتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کا شمار بھی اللہ پاک کے نیک بندوں میں ہوتا ہے، آپ کی حکمت بھری باتیں سننے والا اور آپ کی

www.dawateislami.net

صحبتِ بابرکت اختیار کرنے والا شخص محروم نہیں لوٹتا بلکہ علم و حکمت کے بہت سے موتی اپنے دامن میں سمیٹ کر جاتا ہے اور خود کو خوش نصیبوں میں شمار کرتا ہے، لہٰذا آپ بھی یہ رسالہ "امیرِ اہلِ سنّت کے 121 ارشادات" پڑھئے، آپ کی حکمت بھری باتوں پر عمل کرتے ہوئے خوب خوب فائدے حاصل کیجئے:

﴿1﴾ مسلکِ اعلیٰ حضرت، عین شریعت کے مطابق ادب والا ہے، ہمیں اس پر مضبوطی سے چلنا ہے۔(2ذی الحجہ 1436 مطابق 16 ستمبر 2015)

﴿2﴾ شریعت ہمارا معیار ہے، شریعت نے جس کو جائز کہا وہ جائز اور جسے ناجائز کہا وہ ناجائز ہے۔(10ذی الحجہ 1436 مطابق 24 ستمبر 2015)

﴿3﴾ "عید مُبارَک" سلام کرنے کے بعد کہنا چاہیے۔ اور "خیر مُبارَک" کہنے سے پہلے سلام کا جواب دیا جائے۔(11ذی الحجہ 1436 مطابق 26 ستمبر 2015)

﴿4﴾ عید مبارک دُعا ہے، اس کا معنی ہے کہ آپ کے حق میں عید برکت والی ہو۔
(11ذی الحجہ 1436 مطابق 26 ستمبر 2015)

﴿5﴾ پُروقار طریقے سے گلے ملنا چاہیے۔ بھینچ لینا، گلے ملتے ہوئے دوسرے کو اُٹھا لینا غیر مناسب اور ایذا کا باعث ہو سکتا ہے۔(11ذی الحجہ 1436 مطابق 26 ستمبر 2015)

﴿6﴾ کہاں کیا بولنا ہے، اس کا شعور ہونا چاہئے۔(18ذی الحجہ 1436 مطابق 27 ستمبر 2015)

﴿7﴾ صحیح معنوں میں مُحتاطِ فِی الدِّین (دینی طور پر احتیاط کرنے والا، جائز ناجائز کا خیال رکھنے والا) وہ ہے، جو ثواب کا حریص (طلبگار) ہو اور بولنے سے پہلے سوچتا ہو۔(18ذی الحجہ 1436 مطابق 27 ستمبر 2015)

﴿8﴾ جب مزدور اُجرت کا حقدار ہو جائے تو بِلا عُذر (بغیر کسی وجہ کے) اس کی اُجرت نہ روکی جائے، فوراً دے دی جائے۔ اسے دھکے نہ کھلائے جائیں۔(2رمضان 1437، 8جون 2016، بعدِ عصر)

www.dawateislami.net

﴿9﴾ میں پونے دو ماہ سیدی قطبِ مدینہ رحمۃ اللہ علیہ کی صحبت میں رہا مگر کبھی آپ کو قہقہہ لگاتے نہیں دیکھا۔ (25 رمضان 1437، 30 جُون 2016، بعدِ تراویح)

﴿10﴾ کتابوں اور ماہناموں کے سرِورق (Title Page) پر آیاتِ قرآنی نہ لکھی جائیں، کیونکہ کسی بے وضو نے قصداً اسے ہاتھ لگایا تو وہ گنہگار ہوگا۔

(24 رمضان 1437، 30 جُون 2016، بعدِ عصر)

﴿11﴾ ہفتہ وار اجتماع میں دیگر برکتوں کے ساتھ ساتھ سوز و گُداز (یعنی دل کا نرم ہونا، خوفِ خدا اور عشقِ مصطفٰے میں رونا) بھی نصیب ہوتا ہے۔ (23 ذی الحجہ 1436 مطابق 10 اکتوبر 2015)

﴿12﴾ جب کوئی قرآن و سنّت کے مطابق بیان کر رہا ہو تو، کوئی ایسی حرکت نہ کریں جو اپنے یا دوسروں کیلئے بے تَوَجُّہی (توجہ میں رکاوٹ) کا باعث بنے۔ (3 محرم 1437 مطابق 17 اکتوبر 2015)

﴿13﴾ عموماً لوگ اپنا موبائل فون کسی کو دینا پسند نہیں کرتے، ان میں راز کی باتیں بھی ہوتی ہیں، اس لیے کسی سے موبائل نہیں مانگنا چاہئے۔ (10 محرم 1437 مطابق 21 اکتوبر 2015)

﴿14﴾ ہیئر ڈریسر (Hair Dresser) اپنی دُکان پر یہ تحریر لگادیں: "یہاں نہ داڑھی مونڈی جاتی ہے اور نہ ہی ایک مٹھی سے گھٹائی جاتی ہے کہ علمائے کرام فرماتے ہیں: "داڑھی مُنڈانا اور ایک مٹھی سے گھٹانا دونوں گناہ ہیں اور اس کی اجرت لینا جائز نہیں"۔

(10 محرم 1437 مطابق 21 اکتوبر 2015)

﴿15﴾ جینا ہے تو ایسے جیو کہ زمانہ مثال دے۔ (20 رمضان 1437، 25 جُون 2016، بعدِ تراویح)

﴿16﴾ چشتی، قادری، سہروردی اور نقشبندی سب ایک دریا کی نہریں ہیں، سب ہمارے لیے قابلِ احترام ہیں۔ (11 محرم 1437 مطابق 21 اکتوبر 215)

﴿17﴾ اہلِ علم اور اہلِ علم کے سچے صحبت یافتہ (پیروکار) خودکشی نہیں کرتے۔

(25 محرم الحرام 1437 مطابق 7 نومبر 2015ء)

www.dawateislami.net

﴿18﴾ اسلامی بہنوں کو دوزانو (التحیات میں بیٹھنے کی طرح) بیٹھ کر کھانا کھانا بہتر ہے۔
(25 محرم الحرام 1437 مطابق 7 نومبر 2015ء)

﴿19﴾ چیونٹی کو بِلاضرورت نہ ماریں، بلکہ اسے اپنے قبیلے سے بھی جدا نہ کریں، کیونکہ یہ قبیلے کے ساتھ رہتی ہے۔ (8 صفر المظفر 1437 مطابق 21 نومبر 2015ء)

﴿20﴾ مجھے "یا سیِّدی" نہ کہا جائے، بعض لوگوں کو غلط فہمی ہو سکتی ہے کہ یہ "سَیِّد" بن گیا ہے، جب کہ میں میمن ہوں، اس طرح وہ گنہگار ہوں گے، میں ایسوں کو گناہ سے بچانا چاہتا ہوں۔ (22 صفر المظفر 1437 مطابق 5 دسمبر 2015ء)

﴿21﴾ مکتبۃُ المدینہ (شعبۂ عربی کتب) سے کم از کم ایک عربی کتاب خریدیں، پڑھنے کی صلاحیت نہ ہو تو کسی سُنّی عالِم کو تحفہ دے دیں۔ (22 صفر المظفر 1437 مطابق 5 دسمبر 2015ء)

﴿22﴾ صرف مستند عالِمِ دین یا اُن کا مُصَدَّقہ کلام پڑھنا چاہئے۔
(25 صفر المظفر 1437 مطابق 7 دسمبر 2015ء)

﴿23﴾ حُلیہ مذہبی ہونے کے ساتھ ساتھ ذہن بھی مذہبی ہونا چاہئے۔
(یکم ربیع الاول 1437 مطابق 13 دسمبر 2015ء)

﴿24﴾ عبادت میں دل کا لگنا، دِلی سکون سُرور حاصل ہونا، سُرور آنا رُوحانیّت ہے۔
(یکم ربیع الاول 1437 مطابق 13 دسمبر 2015ء)

﴿25﴾ میری زِندگی دعوتِ اسلامی ہے۔ (یکم ربیع الاول 1437 مطابق 13 دسمبر 2015ء)

﴿26﴾ 100 کتابیں ایک طرف، ایک لمحے کی اچھی صحبت ایک طرف۔
(یکم ربیع الاول 1437 مطابق 13 دسمبر 2015ء)

﴿27﴾ مجھے اُردو سے محبت ہے، کیونکہ کنزالایمان، تفسیر خزائن العرفان، فتاویٰ رضویہ، بہارِ شریعت وغیرہ اُردو میں ہیں۔ (یکم ربیع الاول 1437 مطابق 13 دسمبر 2015ء)

www.dawateislami.net

﴿28﴾ اچھّی اچھّی نیتوں کے ساتھ ہر گھر میں ڈرائینگ روم وغیرہ میں کتابوں کی الماری کی ترکیب بنائی جائے اور اس کا نام ”مَدَنی لائبریری“ رکھا جائے۔

(2ربیع الاول 1437 مطابق 14 دسمبر 2015ء)

﴿29﴾ تمام عاشقانِ رسول اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کی خدمتوں میں مَدَنی اِلتجا (Request) ہے کہ اپنے گھر، کاروبار کی جگہ، دَفاتر، کلینک، شوروم، ویٹنگ رُوم یا اپنے ڈرائنگ روم (بیٹھک) وغیرہ میں جہاں بھی بن پڑے ”مَدَنی لائبریری“ قائم کیجیے۔

(2ربیع الاول 1437 مطابق 14 دسمبر 2015ء)

﴿30﴾ فی زمانہ آنکھوں کا قفلِ مدینہ لگانا مشکل ہے ناممکن نہیں، بغیر ضرورت گھر سے نہ نکلے، گھر سے باہر نکلنا پڑے تو نگاہیں نیچی رکھے، بے اختیار کسی نامَحرَم پر نظر پڑ جائے تو فوراً نگاہ ہٹالے۔ ایسے مقامات پر کم سے کم جائے، جہاں عورتیں بے پردہ ہوں مثلاً بازار وغیرہ۔

(2رمضان 1437، 8جُون 2016، بعدِ عصر)

﴿31﴾ ہمیں گھر کی روشنی کے ساتھ ساتھ قبر کی روشنی کی بھی فکر کرنی چاہئے۔

(3ربیع الاول 1437 مطابق 15 دسمبر 2015ء)

﴿32﴾ جشنِ میلاد کی خوشی میں چراغاں ضرور کیجئے اور اپنے جسم کو سُنّتوں اور اخلاقِ حسنہ سے آراستہ کرنے سے بھی غفلت نہ کیجئے۔ (3ربیع الاول 1437 مطابق 15 دسمبر 2015ء)

﴿33﴾ اسلام قربانیوں کا مجموعہ ہے، دینِ اسلام پر عمل کرنے اور اس کی اشاعت (تبلیغ) کے لیے قربانی دینا پڑتی ہے۔ (25رمضان 1437، 30جُون 2016، بعدِ تراویح)

﴿34﴾ بِلا اجازتِ شرعی مکھی کو بھی تکلیف دینے کی اِجازت نہیں۔

(3ربیع الاول 1437 مطابق 15 دسمبر 2015ء)

﴿35﴾ ہمیں مسلمانوں کے لیے نرم، نرم، نرم ہونا چاہیے۔

(3ربیع الاول 1437 مطابق 15 دسمبر 2015ء)

www.dawateislami.net

﴿36﴾ مرنے والے کے لیے سب سے بڑا تحفہ، دُعائے مغفرت ہے۔

(3ربیع الاول1437 مطابق15 دسمبر2015ء)

﴿37﴾ خوفِ خدا کی باتیں سنجیدہ اور غم بھرے انداز میں کرنا ہی مفید ہے۔

(3ربیع الاول1437 مطابق15 دسمبر2015ء)

﴿38﴾ سونے کے لئے وہ چٹائی استعمال کی جائے جو عموماً مُردے کے نیچے چارپائی پر رکھتے ہیں تاکہ موت کی یاد آتی رہے۔(3ربیع الاول1437 مطابق15 دسمبر2015ء)

﴿39﴾ نماز میں سورتیں بدل بدل کر پڑھنے سے بھی خشوع حاصل ہوتا ہے۔

(9جمادی الاخریٰ1437، 19مارچ2016)

﴿40﴾ میری طرف سے اسلامی بہنوں کو بارہویں کے موقع پر سجاوٹ دیکھنے کے لیے اپنے گھر سے نکلنے کی اِجازت نہیں۔(4ربیع الاول1437 مطابق16 دسمبر2015ء)

﴿41﴾ جو غوثِ پاک (رحمۃُ اللہِ علیہ) سے جتنا زیادہ عقیدت رکھے گا، اسے اتنا زیادہ فیضان (یعنی دنیا و آخرت میں فائدہ) حاصل ہو گا۔(5ربیع الاول1437 مطابق17 دسمبر2015ء)

﴿42﴾ مدینہ، نزولِ رحمت، برکتوں کا منبع (مرکز) اور پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا پسندیدہ شہر ہے۔(5ربیع الاول1437 مطابق17 دسمبر2015ء)

﴿43﴾ ایمان کا ضائع ہونا، سب سے بڑی مصیبت ہے۔

(5ربیع الاول1437 مطابق17 دسمبر2015ء)

﴿44﴾ سیّد ہمارے سر کے تاج ہیں۔(5ربیع الاول1437 مطابق17 دسمبر2015ء)

﴿45﴾ نعت شریف پڑھنا عبادت ہے۔(5ربیع الاول1437 مطابق17 دسمبر2015ء)

﴿46﴾ جو درِ مصطفٰے (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کا جتنا بڑا فقیر ہے، وہ اتنا ہی بڑا امیر ہے۔

(5ربیع الاول1437 مطابق17 دسمبر2015ء)

www.dawateislami.net

﴿47﴾ تنگ گلیوں میں جلوسِ میلاد نکالنے کے بجائے، کشادہ جگہ کی ترکیب بنائی جائے، گاڑی چلانے اور پیدل چلنے والوں کو تکلیف نہ ہو۔ (5 ربیع الاول 1437 مطابق 17 دسمبر 2015ء)

﴿48﴾ اخبارات میں مُقدّس تحریریں بھی ہوتی ہیں، اس لیے اس سے ہاتھ صاف نہ کئے جائیں۔ (3 رمضان 1437، 8 جُون 2016، بعدِ تراویح)

﴿49﴾ مسلمانوں پر بِلاوجہ شک کرنا چھوڑ دیں اور حُسنِ ظن (اچھا گمان) رکھیں کہ مسلمانوں سے حسنِ ظن رکھنا کارِ ثواب ہے۔ (24 رمضان 1437، 30 جُون 2016، بعدِ عصر)

﴿50﴾ ہمیں ہر آزمائش پر صبر اور ہر نعمت پر شکر ادا کرنا ہے۔

(6 ربیع الاول 1437 مطابق 18 دسمبر 2015ء)

﴿51﴾ ربیعُ الاول میں میلادِ مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کی خوشی اور عظمتِ مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کے اِظہار کی نیت سے چراغاں کرنا کارِ ثواب ہے۔

(7 ربیع الاول 1437 مطابق 19 دسمبر 2015ء)

﴿52﴾ جشنِ میلادِ مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) میں حُسنِ نیت اور شریعت کی پاسداری (یعنی شریعت پر عمل) ضَروری ہے۔ (8 ربیع الاول 1437 مطابق 20 دسمبر 2015ء)

﴿53﴾ جشنِ وِلادت پر جھنڈا لہرانے سے خوشی کا اظہار ہوتا ہے۔

(8 ربیع الاول 1437 مطابق 20 دسمبر 2015ء)

﴿54﴾ تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے حجرۂ مبارکہ، منبر شریف کا درمیانی حصہ "رَوْضَۃُ الْجَنَّۃ (یعنی جنّت کی کیاری)" ہے۔ عام بول چال میں لوگ اسے رِیاضُ الْجَنَّۃ کہتے ہیں، مگر اصل لفظ "رَوْضَۃُ الْجَنَّۃ" ہے۔ (9 ربیع الاول 1437 مطابق 21 دسمبر 2015ء)

﴿55﴾ مدنی چینل بولتی کتاب ہے، اسے دیکھیں اور دیکھنے کی دعوت بھی دیں، یہ کارِ ثواب ہے۔ (9 ربیع الاول 1437 مطابق 21 دسمبر 2015ء)

www.dawateislami.net

﴿56﴾ دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے عملاً وابستہ رہیں، دونوں جہاں کی بھلائیاں حاصل ہوں گی۔ ان شاء اللہ الکریم۔(9 ربیع الاول 1437 مطابق 21 دسمبر 2015ء)

﴿57﴾ نماز تمام کاموں سے زیادہ اہم ہے۔(11 ربیع الاول 1437 مطابق 23 دسمبر 2015ء)

﴿58﴾ حاجی مشتاق رحمۃ اللہ علیہ کے کہنے پر میں نے پہلی مرتبہ "مَرحَبا یا مصطفٰے" کا نعرہ 12 ربیع الاول کو لگایا، اَلحَمدُ لِلّٰہ اب یہ عام ہو گیا ہے۔(12 ربیع الاول 1437 مطابق 24 دسمبر 2015ء)

﴿59﴾ جشنِ وِلادت منانے سے محبتِ رسول میں اضافہ ہوتا ہے۔

(12 ربیع الاول 1437 مطابق 24 دسمبر 2015ء)

﴿60﴾ بارگاہِ رسالت میں دو جہان کی بھلائیوں اور مغفرت کا سوال کرنا چاہیے۔

(13 ربیع الاول 1437 مطابق 25 دسمبر 2015ء)

﴿61﴾ مال کے بجائے، مولیٰ کی محبّت مل جائے تو کیا بات ہے۔

(13 ربیع الاول 1437 مطابق 25 دسمبر 2015ء)

﴿62﴾ مجھے مذہبی کتابوں کی قیمت کو "ہدِیہ" کہنا پسند ہے۔

(13 ربیع الاول 1437 مطابق 25 دسمبر 2015ء)

﴿63﴾ جلوسِ میلاد میں تفریحاً نہیں، احتراماً شرکت کریں۔

(13 ربیع الاول 1437 مطابق 25 دسمبر 2015ء)

﴿64﴾ بچوں کو اچھے کام کرنے پر حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اِنعام دینا چاہیے۔

(15 ربیع الاول 1437 مطابق 26 دسمبر 2015ء)

﴿65﴾ اللہ پاک سے حُسنِ ظن (اچھا گمان) رکھنا چاہیے کہ وہ کریم ہے اور مجھ سے کرم والا ہی معاملہ فرمائے گا، اپنے کرم سے مجھے رُسوا نہیں کرے گا اور میری بخشش فرمادے گا۔

(15 ربیع الاول 1437 مطابق 26 دسمبر 2015ء)

www.dawateislami.net

﴿66﴾ ربیع الاول کے بعد چراغاں والی اشیاء اُتار لیا کریں۔
(15 ربیع الاول 1437 مطابق 26 دسمبر 2015ء)

﴿67﴾ تمام عاشقانِ رسول یکم ربیع الاول کو جھنڈے لگائیں اور گیارہویں ربیع الاخر میں اُتار لیں۔(15 ربیع الاول 1437 مطابق 26 دسمبر 2015ء)

﴿68﴾ مدنی جھنڈے، بڑے بڑے پرچم اور بینر سب اتار کر محفوظ کر لیا کریں اور اگلے سال پھر لگانے کی ترکیب کیا کریں۔(15 ربیع الاول 1437 مطابق 26 دسمبر 2015ء)

﴿69﴾ ہر ایک کو چاہیے کہ دوسروں سے چیزیں مانگنے سے بچے، اگر یہ (نہ مانگنے کی) عادت پختہ ہو جائے تو اس کے دنیاوی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔
(20 ربیع الاول 1437 مطابق 31 دسمبر 2015ء)

﴿70﴾ توبہ پر استقامت کے لیے دینی ماحول سے وابستہ ہو جایئے۔
(20 ربیع الاول 1437 مطابق 31 دسمبر 2015ء)

﴿71﴾ بہارِ شریعت کی تینوں جلدیں ہر گھر میں ہونی چاہئیں۔
(20 ربیع الاول 1437 مطابق 31 دسمبر 2015ء)

﴿72﴾ میکے جا کر سسرال کی خامیاں اور سسرال آ کر میکے کی خوبیاں بیان نہ کریں۔
(22 ربیع الاول 1437 مطابق 02 جنوری 2016ء)

﴿73﴾ گیارہویں شریف کے کئی فضائل ہیں، جس سے ہو سکے وہ اس کا اہتمام ضرور کرے۔ جس گھر میں ہر ماہ گیارہویں شریف کی ترکیب ہو گی وہ اس کی برکات اپنی آنکھوں سے دیکھ لے گا۔(24 رمضان 1437، 30 جون 2016، بعدِ عصر)

﴿74﴾ رشتہ داروں میں نکاح کرنے میں ہم آہنگی کے زیادہ اِمکانات (Chances) ہیں، مگر تاکید یہ ہے کہ ہمیشہ اچھی سیرت کو پیشِ نظر رکھا جائے۔ پہلے سیرت پھر صورت دیکھیں۔
(29 ربیع الاول 1437 مطابق 09 جنوری 2016)

www.dawateislami.net

﴿75﴾ اللہ پاک کی راہ میں خرچ کرنا، نفس پر بہت گِراں (بھاری) ہوتا ہے، اس لیے جیسے ہی نیت کریں فوراً دے دیں، کیونکہ دل بھی بدل جاتا ہے۔

(29 ربیع الاول 1437 مطابق 09 جنوری 2016)

﴿76﴾ کوئی تقریب ہو تو اس میں مذہبی رنگ ہونا چاہیے، سالگرہ کرنی ہو تو فاتحہ پڑھ کر ایصالِ ثواب کی ترکیب بنائیں، تالیاں اور مرد و عورت کا اِختلاط (میل جول اور کوئی بھی غیر شرعی کام) نہ ہو۔ (2 ربیع الآخر 1437 مطابق 12 جنوری 2016)

﴿77﴾ مسجدِ محلہ کا بہت اثر ہوتا ہے، مکان اس محلے میں لینا چاہیے، جہاں مسجد گیارہویں و بارہویں ماننے والوں کی ہو۔ (2 ربیع الآخر 1437 مطابق 12 جنوری 2016)

﴿78﴾ کوشش کی جائے کہ کسی کا احسان نہ لیا جائے، یوں خودداری سے وقار بلند ہوتا ہے۔

(3 ربیع الآخر 1437 مطابق 13 جنوری 2016)

﴿79﴾ وَسوسوں کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ ان کی طرف دھیان نہ دیں۔

(4 ربیع الآخر 1437 مطابق 14 جنوری 2016)

﴿80﴾ غلطی تسلیم کرنے سے عزت گھٹتی نہیں، بڑھتی ہے۔

(4 ربیع الآخر 1437 مطابق 14 جنوری 2016)

﴿81﴾ اچھا وہ ہے جو اللہ پاک و رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے ہاں اچھا ہو۔

(5 ربیع الآخر 1437 مطابق 15 جنوری 2016)

﴿82﴾ غوثِ پاک اور اعلیٰ حضرت (رحمۃُ اللہِ علیہما) کے خلاف کچھ سننے کے لیے الیاس قادری کے کان بہرے ہیں۔ ہم انکے پیچھے پیچھے چل رہے ہیں اور یہ ہمیں جنّت میں لے جائیں گے۔ اِن شاءَ اللہ (6 ربیع الآخر 1437 مطابق 16 جنوری 2016)

﴿83﴾ اولیائے کرام کا قُرب ہر صورت میں مفید ہے۔

(6 ربیع الآخر 1437 مطابق 16 جنوری 2016)

www.dawateislami.net

﴿84﴾ ذاتی دوستیاں تنظیمی کاموں میں رکاوٹ ہیں۔(7ربیع الآخر1437 مطابق17 جنوری2016)

﴿85﴾ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے بعد اسلامی بھائیوں سے مِلا کریں، یونہی نہ چلے جایا کریں، پُرتپاک طریقے (اچھے انداز) سے ملنے سے وہ دینی ماحول سے وابستہ ہو جائیں گے۔

(7ربیع الآخر1437 مطابق17 جنوری2016)

﴿86﴾ ملنسار (خوش اخلاق) بن جایئے، اگر فطرتاً (By nature) ملنسار نہ ہوں، تو تکلفاً (زبردستی) ملنساری کیجئے۔(7ربیع الآخر1437 مطابق17 جنوری2016)

﴿87﴾ بہو اگر ساس سسر کی خدمت کرے گی تو اسے شوہر کی رضا نصیب ہو گی۔

(22رمضان1437، 27جُون2016، بعدِ تراویح)

﴿88﴾ جو دعا یاد کرنی ہو، اُسے لکھ کر گھر میں اس مقام پر آویزاں کر دیں جس پر نظر پڑتی رہے، اِن شاءَ اللہُ الکریم جلد یاد ہو جائے گی۔(8ربیع الآخر1437 مطابق18 جنوری2016)

﴿89﴾ ساس اپنی بہو کو بیٹی سے زیادہ اہمیت دے، تو گھر امن کا گہوارہ بن جائے۔

(9ربیع الآخر1437 مطابق19 جنوری2016)

﴿90﴾ اولیائے کرام کے مزارات و گُنبد بنانے کا مقصد یہ ہے کہ لوگ ان کی طرف رُجوع کریں، فیض اُٹھائیں اور برکت پائیں۔(10ربیع الآخر1437 مطابق20 جنوری2016)

﴿91﴾ ہر ایک روزانہ ایک نمازی بنائے تو سارے مسلمان نمازی بن جائیں۔

(11ربیع الآخر1437 مطابق21 جنوری2016)

﴿92﴾ میرے مرشدِ گرامی قُطبِ مدینہ، حضرت مولانا ضیاءُ الدِّین احمد مدنی رحمۃُ اللہِ علیہ نے مجھے مکتوب (خط) روانہ فرمایا، جس میں بیعت کرنے کی اجازت دی اور تحریر فرمایا: تمہارے سلسلے میں ایک بھی نیک بندہ داخل ہو گیا تو اِن شاءَ اللہُ الکریم تمہاری بخشش کا باعث ہو گا۔(11ربیع الآخر1437 مطابق21 جنوری2016)

www.dawateislami.net

﴿93﴾ اپنے آپ کو شخصیت (Personality) تسلیم نہیں کرنا چاہیے، جس کا ایمان پر خاتمہ ہو اور اللہ پاک اُس سے راضی ہو اور وہ جنّت میں چلا گیا تو حقیقت میں وہ "بڑا آدمی" ہے۔

(12 ربیع الآخر 1437 مطابق 22 جنوری 2016)

﴿94﴾ بعض اوقات سوالات، معلومات کا ذریعہ ہوتے ہیں۔

(12 ربیع الآخر 1437 مطابق 22 جنوری 2016)

﴿95﴾ مسلمان کو راحت پہنچانا کارِ ثواب ہے۔ (13 ربیع الآخر 1437 مطابق 23 جنوری 2016)

﴿96﴾ کسی کے گھر کے سامنے کچرا ڈالنے سے گھر والوں کو تکلیف ہوتی ہے، گھر والوں سے معافی مانگیں اور اللہ پاک کی بارگاہ میں بھی توبہ کریں۔

(13 ربیع الآخر 1437 مطابق 23 جنوری 2016)

﴿97﴾ کسی کو راحت نہیں پہنچا سکتے تو تکلیف بھی نہ دی جائے۔

(13 ربیع الآخر 1437 مطابق 23 جنوری 2016)

﴿98﴾ دُنیا میں جسے دولت مل جائے، اسے (مطلقاً یعنی ہر اعتبار سے) خوش قسمت کہنا درست نہیں، دولت تو امتحان ہے۔ (13 ربیع الآخر 1437 مطابق 23 جنوری 2016)

﴿99﴾ تفسیر "صِرَاطُ الْجِنَان" علم کا بہت بڑا خزانہ ہے۔

(19 ربیع الآخر 1437 مطابق 29 جنوری 2016)

﴿100﴾ دنیا وہ بُری ہے، جس سے آخرت کو نقصان پہنچے۔

(19 ربیع الآخر 1437 مطابق 29 جنوری 2016)

﴿101﴾ آپس میں (دینی) کتابیں تقسیم کرنے کا رواج ڈالیں۔

(20 ربیع الآخر 1437 مطابق 30 جنوری 2016)

﴿102﴾ عاجزی و نرمی کریں، تو آپ سب کی آنکھوں کے تارے بن جائیں گے۔

(20 ربیع الآخر 1437 مطابق 30 جنوری 2016)

www.dawateislami.net

﴿103﴾ سمجھانا آتا ہو تو، اِنفرادی طور پر سمجھانا زیادہ فائدہ مند ہے۔

(27 ربیع الاخر 1437، 6 فروری 2016)

﴿104﴾ سمجھانا بھی ایک فَن ہے۔ (27 ربیع الاخر 1437، 6 فروری 2016)

﴿105﴾ بندے کی آزمائش اس وقت ہوتی ہے، جب غصّہ دِلایا جائے۔ جب مزاج کے خلاف کوئی بات آجائے تو برداشت کر جائیں تو ہم اچھے، ورنہ اچھے نہیں۔

(27 ربیع الاخر 1437، 6 فروری 2016)

﴿106﴾ جو عالِم اور پیر گھر گھر جا کر مزاج پُرسی کرتے (خیریت پوچھتے)، دُکھ درد میں حصہ لیتے، حُسنِ اخلاق اور نرمی سے پیش آتے ہیں، وہ لوگوں کے دلوں میں اُتر جاتے ہیں۔

(27 ربیع الاخر 1437، 6 فروری 2016)

﴿107﴾ دِین کا کام قربانی مانگتا ہے۔ (27 ربیع الاخر 1437، 6 فروری 2016)

﴿108﴾ خوفِ خُدا اور عشقِ مصطفےٰ ہمارا سرمایہ ہے۔ (9 جمادیُ الاولیٰ 1437، 18 فروری 2016)

﴿109﴾ اولاد کی اسلامی اُصولوں کے مطابق تربیت کرنا اور قرآنی حکم پر عمل کرنا ضروری ہے۔ (6 رمضان 1437، 11 جُون 2016، بعدِ تراویح)

﴿110﴾ مسلمانوں کو اچھا مشورہ دینا یا جائز سفارش کر دینا بھی مسلمان کی حاجت (ضرورت) پوری کرنے میں شامل ہے۔ اچھی نیّت کی صورت میں کارِ ثواب (ثواب کا کام) بھی ہے۔

(10 جمادیُ الاولیٰ 1437، 19 فروری 2016)

﴿111﴾ حقیقت میں نیک وہ ہے جو دربارِ الٰہی میں نیک ہے۔

(3 رمضان 1437، 9 جُون 2016، بعدِ عصر)

﴿112﴾ نیکو کار کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے آپ کو نیکو کار (نیک) نہ سمجھے، یہی بُزُرگوں کا دَستُور (طریقہ) رہا ہے۔ (10 جمادی الاولیٰ 1437، 19 فروری 2016)

www.dawateislami.net

﴿113﴾ ظاہری گُناہوں کے ساتھ باطنی گُناہوں کی معلومات حاصل کرنا ضروری ہے۔
(10 جمادی الاولیٰ 1437، 19 فروری 2016)

﴿114﴾ بیٹا پیدا ہو تو یہ نیّت کریں کہ میں اپنے مدنی منّے (بچے) کو حافظِ قرآن اور جامعۃُ المدینہ میں داخِل کروا کر عالِم بناؤں گا۔ اِن شاءَ اللہُ الکریم
(18 جمادی الاولیٰ 1437، 27 فروری 2016)

﴿115﴾ میں جب گاڑی میں بیٹھتا ہوں تو عموماً سواری پر بیٹھنے کی دُعا پڑھتا یا پڑھاتا، توبہ و تجدیدِ ایمان کرتا اور سورۂ قُریش کی تلاوت کرتا ہوں۔ (25 جمادی الاولیٰ 1437، 5 مارچ 2016)

﴿116﴾ ٹرانسپورٹ کے مالکان ڈرائیور حضرات کو تاکید کریں کہ جب نماز کا وقت آجائے تو گاڑیاں روک کر خود بھی نماز پڑھیں اور مسافِروں کو بھی نماز پڑھنے کا کہیں۔
(25 جمادی الاولیٰ 1437، 5 مارچ 2016)

﴿117﴾ اللہ کرے، ایسا ہو جائے کہ ڈرائیور حضرات مسافروں کو کہنا شروع کر دیں: "آیئے نماز پڑھ لیجئے۔" (25 جمادیٰ الاولیٰ 1437، 5 مارچ 2016)

﴿118﴾ نیند نہ آئے تو "یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ" کا وِرد کریں۔ (25 جمادیٰ الاولیٰ 1437، 5 مارچ 2016)


﴿119﴾ تہبند یا پاجامے کی طرح جبہ بھی ٹخنوں کے اوپر ہونا چاہیے۔
(2 جمادی الاخریٰ 1437، 12 مارچ 2016)

﴿120﴾ قبولیت کے لیے اِخلاص شرط ہے۔ (2 جمادی الاخریٰ 1437، 12 مارچ 2016)

﴿121﴾ اس بات کو ہمیشہ پیشِ نظر رکھیں کہ نیکیوں کے بیلنس (Balance) میں کمی نہیں آنی چاہیے اور گناہوں کے بیلنس میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے۔
(9 جمادی الاخریٰ 1437، 19 مارچ 2016)

www.dawateislami.net

اگلے ہفتے کا رسالہ



978-969-722-558-3
01082445

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net